# رابطہ

## عیدایڈیشن ۲۰۲۵ء



جامع مسجد، گلاؤٹھی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

Worship Allah, and do not associate with him anything and be good to parents and to kinsmen and orphans and the needy and the close neighbor and the distant neighbor and the companion at your side and the way farer and to those (slaves who are) owned by you. Surely, Allah not like those who are arrogant, proud.

(Al-Nisa#36)

IDARA-E-AKHWAN-US-SADAT GULAOTHI (REGD.)

Maintaining a close and cordial relationship between all members providing help and support for the members socially and economically.

Office: 15-G, First Floor, 43rd Street, Block-6, P.E.C.H.S. Karachi.

021-34521141-42-43
0335-3155777

akhwan.gulaoti@gmail.com

https://www.facebook.com/share/xZAwDfNZ9ezosttg/?mibextid=A7sQZp

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وہی جو دُکھ بھرے موسم کی ویرانی میں سینوں پر دھنک لمحوں کی خوشبو سے مہکتا ہاتھ رکھتا ہے
دلوں کو جوڑتا ہے اور پھر اُن میں محبت نام کی سوغات رکھتا ہے، سفر میں راستے گم ہوں،
ردائے گر ہی کتنی ہی میلی ہو، غموں کی دھوپ پھیلی ہو۔۔۔اُسے کوئی کہیں جس وقت اور
جس حال میں آواز دیتا ہے، وہ سنتا ہے، بہت ہی مہرباں ہے رحم کرتا ہے، وہی سچ ہے،
ہمیں سچ بولنے کا حکم دیتا ہے، سو اُس کو یاد کرتے ہیں اُسی کے نام سے آغاز کرتے ہیں

سلیم کوثر

ادارتی بورڈ

سید وسیم ہاشمی

صدر

پروفیسر سید شاہد کمال

مدیر

مجلس مشاورت

سید معروف حسن واسطی

ڈاکٹر ثمینہ واسطی

سید فرخ غنی

سید خرم نظام

سید رضوان واسطی

# اداریہ

محترم اراکین ادارہ

السلام علیکم!

ادارہ اخوان السادات گلاؤٹھی کراچی نے اپنی سابقہ روایت کو برقرار رکھتے ہوئے۔اس سال بھی تقریبِ عید ملن کا اہتمام کیا۔

ادارے کی طرف سے اس سال بھی خاندان کے ہونہار بچوں کو اُن کی نصابی و غیر نصابی سرگرمیوں پر شیلڈز سے نوازا گیا جو یقیناً بچوں کے لیے حوصلہ افزائی اور مسرت کا باعث تھا۔ادارہ اپنے ان بچوں کے بہترین مستقبل کے لیے دعا گو ہے۔ اور اپنے تمام ممبران کا تہہ دل سے ممنون ہے۔ساتھ ہی اس امر کی وضاحت بھی ضروری سمجھتا ہے کہ آنے والے زمانے کی باگ ڈور نوجوانوں کے ہاتھ میں ہوتی ہے۔ لہٰذا ہمیں چاہیے کہ ہم اپنے بچوں کو بھی اس ادارے کا رکن بنائیں تاکہ وہ اپنے ماضی سے بھی ہم آہنگ رہیں اور آنے والے کل کے لیے بہتر منصوبہ بندی کر سکیں۔

آخر میں اپنی مینجنگ کمیٹی کا شکریہ ادا کرتا ہوں جن کے تعاون سے اس شاندار عید ملن کا انعقاد ممکن ہوا۔

سید فرخ غنی

معتمد ادارہ

# نعت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

## سید قابل گلاوٹھوی (مرحوم)

دو عالم میں اک نقش پائے محمد ﷺ
مہ و مہر میں ہے ضیائے محمد ﷺ
میں ہوں بلبل خوش نوائے محمد ﷺ
ہے ہر سانس نغمہ سرائے محمد ﷺ
نظر دیکھے انوار پنہاں ازل کے
ہو سرمہ اگر خاک پائے محمد ﷺ
تو غفار ہے بخش دے میری امت
خدا سے تھی یہ التجائے محمد ﷺ
ہے معراج کی شب کا شاہد فلک تک
کہ ہے کہکشاں گرد پائے محمد ﷺ
رکے سدرہ پر جبرئیل امیں بھی
کہ آگے تھی خلوت سرائے محمد ﷺ
حدیث محمد ﷺ کا نغمہ سرا ہے
وہی قابلؔ بے نوائے محمد ﷺ

"دبستان قابل" مرتبہ: منصور عاقل

# تقریبِ عید ملن 2025ء

## ادارے کی کارکردگی اور مستقبل کے منصوبے

ادارۂ اخوان السادات گلاؤٹھی کراچی کے زیرِ اہتمام تقریب عید ملن کا انعقاد ۲۰ اپریل ۲۰۲۵ء بروز اتوار مقامی بینکویٹ میں ہوا۔ اس تقریب کا آغاز تلاوتِ کلام پاک سے ہوا۔ جس کی سعادت حافظ سید مرتضیٰ احسن نے حاصل کی۔ بعدازاں ادارے کے فعال صدر سید وسیم الدین ہاشمی نے مہمانانِ گرامی کو خوش آمدید کہا اور سالِ رواں میں ادارے کی خدمات کا جائزہ پیش کیا اور اس بات کا اعلان بھی کیا کہ وہ اپنا آخری صدارتی خطاب کر رہے ہیں۔ الیکشن کے بعد نئی انتظامیہ اس ادارے کی باگ ڈور سنبھالے گی۔ انھوں نے یہ امید ظاہر کی کہ لوگ بڑی تعداد میں ادارے کی رکنیت حاصل کریں۔ انھوں نے اس بات کو بھی خوش آئند قرار دیا کہ رکنیت سازی کے پہلے مرحلے میں سو سے زائد خواتین و حضرات نے رکنیت حاصل کی۔ اس موقع پر صدر نے اراکین سے یہ بھی درخواست کی کہ ادارے کی جانب سے قائم کردہ غزہ امدادی فنڈ میں بھی بڑھ چڑھ کر حصہ لیں اور اپنی زکوٰۃ کا کچھ نہ کچھ حصہ اس فنڈ میں بھی زرِ تعاون کے طور پر پیش کریں۔

اس بار ادارے کی اس تقریب میں حاضرین کی تعداد پچھلی تمام تقریبات سے زیادہ رہی۔ ہر چند کہ موسم توقع سے زیادہ گرم تھا لیکن اس کے باوجود لوگوں نے تقریبِ عید ملن میں شرکت کی۔ اس موقع پر خاندان کے نوجوان بچے بچیوں میں قابل ذکر کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے طلبا و طالبات کو ایوارڈز دیئے گئے، اس پُر رونق تقریب کی ایک اور خاص بات دیواروں پر برادری کے قابل ذکر تخلیق کاروں کی تصانیف کا عکس آویزاں کیا گیا تھا جو ادارے کی جانب سے اعترافِ خدمت کی مثال پیش کر رہا تھا۔

حسبِ سابق اس تقریب کی نظامت کے فرائض سید بدر عالم زیدی صاحب اور سید سلمان غنی صاحب نے انجام دیئے۔

# ادارے کے اُن ہونہار بچوں کی تصاویر، جنھوں نے اس سال بہترین اخوان ایوارڈز حاصل کیے



Syed M. Taha



Syeda Ramsha Adil



Ambreen Adil



Samya Humayun



Hamna Masood



Tamjeed Ahmed Hashmi



Dr. Syed Waleed Mehmood Wasti



Fariya Amir



Syed Ibrahim Ashar

# ادارے کے اُن ہونہار بچوں کی تصاویر، جنھوں نے اس سال
# بہترین اخوان ایوارڈز حاصل کیے



Dr. Syeda Hira Ejaz



Muhammad Mohid



Syed Murtaza Ahsan



Shiza Shams



Sajjad Wasti



Sadia Tariq



Mysha Fahd Jafri

# بہترین اخوان ایوارڈ

## حفاظ ایوارڈ

بنام سید حسام الدین صاحب (مرحوم)، سیدہ رضیہ رفعت جعفری صاحبہ (مرحومہ)، سید حامد علی جعفری صاحب (مرحوم)، سید محمد شکیل صاحب (مرحوم) کی فیمیلیز نے حفاظ کرام کے لیے شیلڈز اسپانسر کیں اور دونوں حفاظ کو نقد انعام سے بھی نوازا۔

### حافظ سید مرتضیٰ:



حافظ سید مرتضیٰ احسن ولد سید احسن اقبال ہمارے معزز رکن جناب شہزاد واسطی صاحب کے نواسے ہیں۔ مرتضیٰ نے ماشاءاللہ ۱۲ سال کی عمر میں قرآن شریف حفظ کیا۔ اس وقت Intellect اسکول میں کلاس 8th کے طالب علم ہیں۔ کھیلوں میں فٹ بال کھیلنے کے شوقین ہیں۔

### حافظ محمد موحد:



حافظ محمد موحد ولد ناصر یاسین صاحب ہمارے معزز رکن جناب سید اختر سعید مرحوم کے نواسے ہیں۔ موحد اس وقت ادارہ اشرف المدارس میں تعلیم حاصل کررہے ہیں۔ موحد کو کھیلوں میں کرکٹ سے دلچسپی ہے۔

اللہ ان بچوں کو دین و دنیا میں کامیابیاں نصیب فرمائے۔ (آمین)

اس موقع پر صدر جناب سید وسیم ہاشمی صاحب نے ادارے کی جانب سے ان ہونہار بچوں کو پانچ پانچ ہزار روپے دینے کا اعلان کیا۔ ادارہ ان دونوں بچوں کے بہتر مستقبل کے لیے دعا گو ہے۔

# اعلیٰ کارکردگی کے حامل ہمارے دو ہونہار بچوں کا تعارف پیش کیا جارہا ہے

## ڈاکٹر سید ولید محمود واسطی



ڈاکٹر سید ولید محمود واسطی ولد سید رضوان محمود واسطی ادارے کے سابق صدر سید محمد احمد واسطی مرحوم کے پوتے ہیں۔ ولید نے ابتدائی تعلیم سٹی اسکول درخشاں سے حاصل کی۔ سٹی اسکول سے Oلیول کرنے کے بعدAvecinaاسکول سے Aلیول کیا۔

مزید آگے تعلیم حاصل کرنے کے لیے IBA کا انتخاب کیااور BBA میں داخلہ لیا۔ BBA کرنے کے بعد اسی ادارے سےM.Sاکنامکس میں کیا۔ ایم۔ایس کرنے کے بعد اقرا یونی ورسٹی کے ساتھ درس وتدریس سے منسلک ہوئے۔ آگے پڑھنے کے شوق نے کچھ اور کرنے کی جستجو پیدا کی اور پھر پاکستان گورنمنٹ اور یو ایس ایجوکیشن فنڈ کے زیراہتمامFull Bright Scholarshipحاصل کی۔اور پی ایچ ڈی کرنے اوکلوہومایونی ورسٹی(USA) چلے گئے۔ وہاں سے پانچ سال میں اپنی پی ایچ ڈی مکمل کرکے واپس آئے اور پھر دوبارہ اپنے ادارے یعنی اقرار یونی ورسٹی سے منسلک ہوگئے۔اُن کے تابناک مستقبل کے لیے دعا گو ہیں۔(ڈاکٹر عذرا ادریس)

## ڈاکٹر سیدہ حرا اعجاز



ڈاکٹر سیدہ حرا اعجاز ہمارے نہایت سینیر ممبر جناب سید انیس عالم صاحب کی نواسی ہیں۔آپ نے میٹرک ماما بے بی کیئر اسکول سے کیا۔انٹر کے لیےآپ نے سینٹ لارنس گورنمنٹ گرلزڈ گری کالج کا انتخاب کیا۔

ایم بی بی ایس آپ نے لیاقت نیشنل ہسپتال کالج سے فرسٹ پوزیشن کے ساتھ کیاجو کہ ادارے کے لیے نہایت ہی فخر کا مقام ہے کہ ہماری برادری کی ہونہار بچی نے پوزیشن حاصل کی اور اپنے خاندان اور برادری کا نام روشن کیا۔ڈاکٹر صاحبہ FCPS پارٹ I کلیئر کرچکی ہیں اور مستقبل میں ایک سرجن بننے کی خواہشمند ہیں۔

ادارہ دعا گو ہے کہ اللہ تعالیٰ انھیں اسی طرح کامیابیاں نصیب فرمائے اور دین و دنیا میں ترقی عطا فرمائے۔آمین

# تقریبِ عید ملن

اس عید ملن کے موقع پر ادارے کی جانب سے ایک درخواست کی گئی کہ جو ممبر بھی عید ملن کے اخراجات میں شامل ہونا چاہے وہ ادارے سے تعاون کر سکتا ہے۔ آپ تمام صاحبان کو جان کر یقیناً خوشی ہو گی کہ اس درخواست کے نتیجے میں معزز ممبران نے بھرپور تعاون کیا اور -/Rs. 324000 (تین لاکھ چوبیس ہزار روپے) کی خطیر رقم اس سلسلے میں جمع ہوئی جو بلاشبہ ایک قابلِ تحسین قدم ہے۔ ادارہ اپنے اُن تمام ممبران کا تہہ دل سے مشکور ہے جنھوں نے اس سلسلے میں ادارے مدد فرمائی اُن ممبران کے اسمائے گرامی درج ذیل ہیں:

- سید مسرور حسن واسطی صاحب (امریکہ)
- سید حماد حسن واسطی صاحب (امریکہ)
- عروج احمد ہاشمی صاحبہ (سعودی عرب)
- سیدہ بہ رخشی شکیل صاحبہ (اسلام آباد)
- سید عدیل احمد ہاشمی صاحب (اسلام آباد)
- سید عارف سلطان صاحب
- سید حمزہ احمد ہاشمی صاحب
- سید ارقم سعید صاحب
- سید ریحان سلام صاحب
- سید محمد سلیم واسطی صاحب (امریکہ)
- سید نبیل احمد ہاشمی صاحب (امریکہ)
- سید اظفر شکیل صاحب (سعودی عرب)
- سید مشرف علی زیدی صاحب (اسلام آباد)
- سید اختر حسن صاحب
- سید فرخ غنی صاحب
- سید ناظم الدین صاحب
- مرحومہ رخسانہ معین فیملی
- ڈاکٹر ثمینہ واسطی صاحبہ

- سید محسن کمال صاحب
- سید ندیم ریاض صاحب
- سید بدر عالم زیدی صاحب
- سید لیاقت علی زیدی صاحب
- ہما تسنیم صاحبہ
- سید شاہد جعفری صاحب
- ثمینہ زیدی صاحبہ
- سید خرم نظام صاحب
- سید مسرور زیدی صاحب
- سید عدنان واسطی صاحب
- سید سلمان غنی صاحب
- سید آفتاب عالم زیدی صاحب
- سید فہد جعفری صاحب
- سید شاہ عالم زیدی صاحب
- جناب صلاح الدین اختر صاحب

## عید ملن کے اخراجات کی تفصیل:

عید ملن کے ہال کے چارجز، کھانے، ساونڈ سسٹم، جنریٹر، شیلڈز اور تحائف کے کل اخراجات -/Rs. 494890 (چار لاکھ چورانوے ہزار آٹھ سونوے روپے) کے ہوئے جس میں سے -/Rs.324000 (تین لاکھ چوبیس ہزارروپے) کے اخراجات مغیر اراکین کے زرتعاون سے ممکن ہوئے اور صرف -/Rs.170890 (ایک لاکھ ستر ہزار آٹھ سو نوے روپے) کی رقم ادارے کی جانب سے ادا ہوئی۔امید ہے انشاءاللہ اگلے سالوں میں یہ فرق بھی اراکین کے عطیات سے ہی ادا ہو جائے گا۔

# فلسطین اور غزہ کے بہن بھائیوں کے لیے امداد

ادارہ کی جانب سے اپنے فلسطینی بہن بھائیوں کی مدد کے لیے قدم اُٹھایا گیا۔ گزشتہ برس ادارے نے اپنے فلسطینی بہنوں بھائیوں کے لیے 40 عبائے، کمبل اور سلیپنگ بیگز بھجوائے۔ اور الحمدللہ اس سال ادویات اور خشک دودھ کی امداد بھیجی جارہی ہے۔

اس عید ملن کے موقع پر ادارے نے معزز ممبران سے اپنے فلسطینی بہن بھائیوں کے لیے امداد کی درخواست کی تھی۔ جس کے جواب میں ہمارے کافی ممبران نے ادارے سے تعاون فرمایا۔ اور ایک خطیر رقم اس مد میں جمع ہوئی جو کہ -/Rs.313853 روپے ہے۔ ان معزز ممبران کے اسمائے گرامی درج ذیل ہیں:

- ڈاکٹر ثمینہ واسطی صاحبہ زوجہ سید شاہد جعفری صاحب
- عائشہ فہد جعفری صاحبہ زوجہ سید فہد جعفری صاحب
- سید شاہد جعفری صاحب ولد سید خلیل احمد جعفری صاحب (مرحوم)
- سید فرحان محمود واسطی صاحب ولد سید محمد احمد واسطی صاحب (مرحوم)
- شہزاد واسطی صاحب ولد مشیر واسطی صاحب (مرحوم)
- ممتاز حسن صاحب ولد سید مظفر حسن صاحب (مرحوم)
- شاہینہ رئیس صاحبہ زوجہ سید ایم رئیس واسطی صاحب (مرحوم)
- رفعت وسیم صاحبہ زوجہ وسیم صدیقی صاحب
- احمد کلیم صاحب

مزید جو ممبران اس کارِ خیر میں حصہ لینا چاہتے ہیں تو وہ ادارے کے اکاؤنٹ میں اپنے عطیات جمع کرا سکتے ہیں۔ اللہ جزائے خیر دے۔ انشاءاللہ آئندہ بھی یہ سلسلہ جاری رہے گا۔

# ادارے کے سماجی کاموں کی تفصیل

## ہینڈ پمپس:

گزشتہ برس ہمارے معزز ممبران نے اپنے مرحوم بزرگوں کے ایصال ثواب کے لیے ادارے سے بھرپور تعاون فرمایا۔اوراس مد میں-/Rs.425000(چار لاکھ پچیس ہزار روپے)کی خطیر رقم جمع ہوئی۔ جسے ادارے نے عالمگیر انٹر نیشنل ویلیفیئر ٹرسٹ کے ساتھ مل کر اندرونِ سندھ جہاں جہاں پانی کی قلت ہے وہاں سترہ(17)ہینڈ پمپس لگوائے۔

اس سال بھی ہماری ایک ممبر محترمہ عالیہ فرحان بنت سید خالد واسطی شہید نے ایک ہینڈ پمپ لگوانے کا اہتمام کیا۔اللہ انھیں جزائے خیر دے۔

مزید جو ممبران اس کارِ خیر میں شرکت کے خواہش مند ہوں وہ اس سلسلے میں ادارے سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

## سلائی مشینیں:

دوسرے سماجی کاموں کے ساتھ ساتھ ادارے نے سلائی مشینیں تقسیم کرنے کا کام بھی کیا ہے تاکہ وہ سفید پوش جو محنت کر کے عزت سے روزی کمانا چاہیں وہ اس سے فائدہ اُٹھا سکیں۔ اس سلسلے میں ان معزز ممبران نے ادارے سے تعاون فرمایا:

- جناب مظہر آفتاب صاحب
- جناب ارقم سعید صاحب
- جناب جواد صدیقی صاحب

سلائی مشینوں کی مد میں ادارے نے-/Rs.82500(بیاسی ہزار پانچ سو روپے)جمع کیے۔ جس میں سے دو مشینیں-/Rs.20400(بیس ہزار چار سو روپے)کی خرید کر مستحقین میں تقسیم کی گئیں۔

## افطار ڈنر:

اس سال کچھ ممبران نے اپنے مرحوم والدین کے ایصال ثواب کے لیے افطار ڈنر کے لیے بھی ادارے سے تعاون کیا۔اس زر تعاون سے ادارے نے اُولڈ ہومز میں مقیم لوگوں کے لیے افطار ڈنر کا اہتمام کیا۔

اس سلسلے میں ہم جناب سید خاور ریاض صاحب ولد سید ریاض الدین صاحب مرحوم اور محترمہ اسماءامیر صاحبہ کے ممنون ہیں جنھوں نے مالی معاونت فرمائی۔ادارہ کھانے اور ناشتے کا اہتمام اُولڈ ہومز، بلائنڈ اسکول، ڈیف اسکول اور یتیم خانوں میں کرتا ہے۔جو ممبر بھی اس سلسلے میں خواہش مند ہوں وہ ادارے سے رابطہ کر سکتے ہیں۔اس کے علاوہ بہت سے معزز ممبران نے سید فاؤنڈیشن کے ساتھ مل کر مختلف اداروں میں کھانے، ناشتوں کا اہتمام کیا۔ اس کے علاوہ سحری اور افطاری، عید کے کپڑے، کھجوریں، شربت، گھی اور دوسری اشیاء مختلف اوقات میں گزشتہ سالوں کی طرح جاری رکھیں۔ادارے کے صدر نے گزشتہ عید ملن میں یہ یقین دلایا تھا کہ وہ ادارے کو خاندانی روابط بڑھانے اور سماجی کاموں کی طرف راغب کریں گے تاکہ ہمارے نوجوان بچے اور بچیاں ادارے کے سماجی کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں اور ادارہ دن دونی اور رات چوگنی ترقی کرے۔آمین

## تعلیمی وظائف:

اس سلسلے میں ہمارے ادارے کے ممبر جناب سید لیاقت علی زیدی صاحب نے ایک لاکھ روپے کا عطیہ دیا اور اس خواہش کا اظہار کیا کہ ضرورت مند طالب علموں کو اسکالرشپ دی جائیں۔اور یہ رقم -/Rs.10000 (دس ہزار روپے) سے زیادہ نہ ہو تاکہ زیادہ سے زیادہ بچے مستفید ہو سکیں۔یہ رقم زکوٰۃ سے نہیں ہے اس لیے ادارہ کے مستحق بچے بھی اس سے فائدہ اُٹھا سکتے ہیں۔اسی مد میں جناب سید محمد احمد واسطی مرحوم کی صاحبزادی تہمینہ واسطی صاحبہ نے ایجوکیشن فنڈ کے لیے عطیہ دیا۔ اللہ دونوں معزز ممبران کو جزائے خیر نصیب فرمائے۔ممبران سے درخواست ہے کہ تعلیمی وظائف کے لیے ادارے سے تعاون فرمائیں۔

## اربن سائیکٹرک ہسپتال کی جانب سے ممبران کے لیے چالیس فی صد ڈسکاؤنٹ:

ادارہ یہ خبر دیتے ہوئے نہایت خوشی محسوس کر رہا ہے کہ برادری کے اراکین کے لیے ڈاکٹر سید مبین اختر صاحب مرحوم کے صاحبزادے جناب سید صلاح الدین اختر صاحب نے اپنے ہسپتال (اربن سائیکیٹرک ہسپتال) کی طرف سے علاج کے لیے فیس میں 40% ڈسکاؤنٹ کا اعلان کیا ہے۔ اللہ انھیں جزائے خیر عطا فرمائے۔

## ممبر سازی:

اس عید ملن پر ایک اور درخواست ادارے کی طرف سے کی گئی تھی جس کے حوصلہ افزا نتائج برآمد ہوئے اور ہمارے بہت سارے مہمانانِ گرامی نے ادارے کی ممبر سازی میں حصہ لیا۔ ادارہ مزید درخواست کرتا ہے کہ زیادہ سے زیادہ اس ممبر سازی مہم کو کامیاب بنائیں اور اپنے بچوں کو بھی ادارے کا ممبر بنائیں۔ کل انھی بچوں نے ادارے کی باگ ڈور سنبھالنی ہے۔

مندرجہ بالا افراد ادارے سے منسلک ہوئے۔ ادارہ اور انتظامیہ نئے ممبران کو خوش آمدید کہتے ہیں:

| | |
|---|---|
| • سہیل احمد صدیقی صاحب | • مجتبیٰ محمد صاحب |
| • ماہ رُخ ملک صاحبہ | • ارحم محمد صاحب |
| • موسی محمد صاحب | • حسام واسطی صاحب |
| • آمنہ احسن صاحبہ | • کوثر فیروز برنی صاحبہ |
| • حنظیلہ ریحان سید صاحبہ | • طلحہ ریحان سید صاحب |
| • فیصل کمال سید صاحب | • سعد احمد سید صاحب |
| • عفّت خان صاحبہ | • فرحانہ راحت صاحبہ |
| • سعدیہ طارق صاحبہ | • شاداب محمد صاحب |
| • فرزانہ اشعر صاحبہ | |

پچھلے دو سالوں میں تقریباً ۱۰۰ سے زیادہ اراکین ادارے کے قافلے میں شامل ہوئے۔ الحمدللہ عید ملن کے بعد بھی مزید ممبران کا اضافہ ہوا اُن کے اسمائے گرامی درج ذیل ہیں:

- دانیہ واسطی صاحبہ
- ڈاکٹر مبشر بن سہیل
- ناصیحہ وقاص صاحبہ
- یمنیٰ ولید صاحبہ
- ماریہ عمران صاحبہ (آسٹریلیا)
- عبدالوہاب صاحب (آسٹریلیا)
- شارم عمران صاحب (ملائیشیا)
- حفصہ حسن صاحبہ
- مریم حسین صاحبہ
- رافعہ امان صاحبہ
- ثوبیہ حسن صاحبہ
- حیدر علی صاحب
- ثروت شہزاد صاحبہ
- شہزاد حسن صاحب

ادارہ غیر ممالک میں مقیم عزیز و اقارب سے درخواست گزار ہے کہ وہ ادارے کی ممبر سازی مہم میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں اور اپنے بچوں کو بھی اس میں شامل کریں۔ آپ کے تعاون اور سرپرستی کا بہت شکریہ

# تقریبِ عید ملن 2025ء کی تصویری جھلکیاں














# تقریبِ عید ملن 2025ء کی تصویری جھلکیاں















# تقریبِ عید ملن 2025ء کی تصویری جھلکیاں
















# تقریبِ عید ملن 2025ء کی تصویری جھلکیاں













# تقریبِ عید ملن 2025ء کی تصویری جھلکیاں













# تقریبِ عید ملن 2025ء کی تصویری جھلکیاں

















# ادارے کی ادبی شخصیات کی چند تصانیف کا عکس





# Late Syed Mahboob Ali Zaidi
## Education Award "2025"

IDARA-AKHWAN-US-SADAT GULAOTHI KARACHI

ادارہ اپنے معزز رکن سید مشرف علی زیدی صاحب کا مشکور ہے۔ جنھوں نے اپنے دادا سید محبوب علی زیدی (مرحوم) کی طرف سے بہترین اخوان ایوارڈز کو اسپانسر کیا۔ اللہ تعالیٰ سید مشرف علی زیدی صاحب کو جزائے خیر دے اور اُن کے دادا سید محبوب علی زیدی (مرحوم) کے درجات کو بلند فرمائے۔ (آمین)

# خبر نامہ

## ادارہ اخوان السادات گلاؤ ٹھی

### نمایاں شخصیات کی ڈائریکٹری زیر ترتیب ہے

ادارہ اخوان السادات گلاؤ ٹھی نے فیصلہ کیا ہے کہ خاندان میں موجود اپنے اپنے شعبہ جات کے ماہرین کی ڈائریکٹری تیار کی جائے۔ جس میں ان غیر معمولی لوگوں کے کوائف درج کیے جائیں۔ان شعبوں میں سینیر بینکرز، سینیر ڈاکٹرز، سینیر وکلا، سینیر پروفیسر اور اساتذہ اور تعلیمی اداروں کے سربراہان شامل کیے جائیں گے۔لہٰذا آپ لوگوں سے درخواست ہے کہ اپنے کوائف جلداز جلد ارسال کریں تاکہ ڈائریکٹری کی اشاعت ممکن ہو سکے۔

### ایک اور نئے سماجی کام کا آغاز

ادارے نے اس سال سے مستحقین کے لیے ناشتہ اور کھانے کا اہتمام شروع کیا ہے۔ناشتہ کی رقم -/Rs.200 فی شخص اور کھانے کی رقم -/Rs.300 فی شخص ہے۔ ادارہ اس ناشتے اور کھانے کا اہتمام اولڈ ہاوس، گلستان جوہر، اداریو اسکول ایم۔ اے جناح روڈ، کراچی، الفرقان ہومز (یتیم خانہ) پی ای سی ایچ ایس، ڈس ایبلڈ ایسوسی ایشن جیکب لائنز، دارالسکون اولڈ ہاؤس نمائش اور دارالسکون کشمیر روڈ میں کرانا چاہتا ہے۔

جو اراکین اپنے مرحومین کے ایصال ثواب کے لیے ان ناشتوں و کھانوں کو مستحقین میں کروانے میں خواہشمند ہوں وہ ادارے سے رابطہ کر سکتے ہیں۔کم از کم دس مستحق لوگوں کو اسپانسر کیا جا سکتا ہے۔

### توجہ فرمائیں

تمام اراکین ادارہ سے التماس ہے کہ واٹس اپ گروپ میں سیاسی، مذہبی، لسانی بحث سے پرہیز کریں اور غیر مصدقہ اور غیر ضروری پوسٹ اور خبریں ارسال کرنے سے اجتناب کریں صرف متعلقہ پوسٹ اور خبریں ارسال کریں کیوں کہ برادری کے واٹس اپ گروپ کے کچھ اغراض و مقاصد اور اصول ہیں جس کی پابندی تمام اراکین کو کرنی چاہیے امید ہے کہ تمام اراکین اس ہدایت پر عمل کریں گے۔ نوٹ: ادارہ درخواست کرتا ہے کہ جس دن گروپ میں کسی کے انتقال کی کوئی خبر آئے تو براہ کرم اُس دن کم از کم کوئی دوسری پوسٹ نہ لگائی جائے۔ایک اور درخواست ہے کہ کوئی چیز بھیجتے وقت ٹائم کا خیال رکھیں، رات گیارہ بجے کے بعد کوئی چیز نہ بھیجیں تاکہ بزرگ ممبران کی نیند میں خلل نہ پڑے۔

### ممبر سازی مہم

ادارہ اپنے تمام اعزا سے درخواست کرتا ہے کہ وہ ادارے کی ممبر سازی مہم میں بھرپور حصہ لیں۔ ہم اپنے اُن عزیزوں سے بھی درخواست کریں گے جو اس وقت وطنِ عزیز سے باہر ہیں کہ آپ تمام حضرات اس مہم کا حصہ بنیں اور خود کو اور اپنے تمام بچوں کو ادارے کا ممبر بنائیں۔بچوں کی ممبر سازی پر ہمیں خصوصی توجہ دینی ہو گی کیوں کہ کل انہی بچوں نے اس ادارے کی باگ ڈور سنبھالنی ہے۔انشاء اللہ یہ ادارہ برادری کے عزیزوں کے لیے قربت کا ذریعہ اور ایک سماجی ادارہ بھی بن جائے گا۔(آمین)

### ملازمت کے لیے رابطہ

ایسے اراکین جن کے پاس کوئی ملازمت ہو تو براہ مہربانی اس کی تفصیل ادارہ کو بھجوادیں تاکہ خاندان میں اسے مشتہر کیا جا سکے اور خاندان کے اہل افراد اس سے مستفیض ہو سکیں۔








## گوشہ اطفال

ادارے کے اراکین کے بچے/بچیاں جن کی عمر ۱۵ سال تک ہے۔"رابطہ" کے لیے اپنی نظمیں اور کہانیاں ارسال کر سکتے ہیں، جنھیں مختص صفحہ پر شائع کیا جائے گا۔اس کا مقصد بچوں کی تخلیقی صلاحیتوں میں اضافہ اور اُن کی حوصلہ افزائی کرنا ہے۔نظمیں اور تحریریں درج ذیل ای میل پر ارسال کی جاسکتی ہیں۔

email: akhwan.gulaothi@gmail.com




## فیس بک پیج

اراکین سے درخواست ہے کہ ادارے کے آفیشل فیس بک پیج کے مندرجہ ذیل لنک پر منسلک ہو جائیں۔

https://www.facebook.com/share/xZAwDfNZ9ezosttg/?mibextid=A7sQZp

نوٹ: خاندان میں کسی بھی غیر معمولی سرگرمی پیدائش، وفات، شادی، تعلیمی شعبے میں غیر معمولی نتائج، کھیل کے میدان میں غیر معمولی کارکردگی کی اطلاع بھی فراہم کرنے کی درخواست ہے جسے خبر نامہ میں شامل اشاعت کیا جائے گا۔(مدیر)۔

## دعائے مغفرت

ادارہ اپنے سابق صدور، نائب صدور، معتمد، نائب معتمد، خزانچی اور سابقہ انتظامی کمیٹیوں کے اراکان کے لیے جو اب ہمارے درمیان نہیں رہے، دعا گو ہیں کہ اللہ اُن تمام اراکین کی مغفرت کرے اور اُن کے درجات کو بلند کرے۔(آمین)

## معلومات کے لیے

معتمد ادارہ سے مندرجہ ذیل نمبرز پر رابطہ کریں۔


0335-3155777

021-34521141-42-43

email: akhwan.gulaothi@gmail.com

ان کے علاوہ جناب وسیم ہاشمی، جناب بدر عالم زیدی، جناب رضوان واسطی اور مسز فرحانہ راشد صاحبہ بھی رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

# اعلیٰ ادبی خدمات کے اعتراف میں اعزازی شیلڈ





IDARA-AKHWAN-US-SADAT GULAOTHI
KARACHI

کالی ندی کا پل، گلاؤٹھی